# اس بات کاانتخاب کرناکہ اپنے بچے کی پیدائش کہاں واقع ہو

**خواتین کےلیے معلومات اورمشورہ**

## زچگی

ہمیں خوشی ہوئی ہےکہ آپ نے حمل، پیدائش اوروالدین بننے کےمرحلےمیں مدد کےلیے ہماری خدمات کاانتخاب کیاہے۔ اگلےچند مہینوں میں آپ کوبہت سی معلومات حاصل ہوں گی کہ آپ حمل کے عمل سے کسطرح نپٹیں گی ۔ ہم یہاں آپکی مدد کےلیے موجودہیں۔

ایک چیزجوہمیں علم ہے کہ حاملہ خواتین کےلیےبہت ضروری ہے کہ بچےکی پیدائش کہاں پرواقع ہو۔ہمارے ٹرسٹ کے اندرہمارے پاس وسیع بنیادوں پرمبنی انتخاب آپکےلیے موجودہےجس پر آپ غورکرسکتی ہیں اوراس معلوماتی کتابچے میں اس ضمن میں آپکوواضح طورپربتایاجائے گا۔

**میں بچے کاجنم کہاں پرکرسکتی ہوں؟**

اگرآپ کےحمل کی حالت اورزچگی کی کیفیت میں کم خطرہ پایاجاتاہوتوآپ اپنے بچے کودرج ذیل جگہوں پرجنم دے سکتی ہیں:

- اپنے گھرپر
- سمیتھ وِک میں اولڈبری روڈ پرواقع ہالسی اون برتھ سینٹرمیں
- سٹی ہسپتال کے سیرینٹی برتھ سینٹرمیں
- سٹی ہسپتال کے ڈیلیوری سوئیٹ میں

اگرآپ کا حمل اورزچگی بلنددرجے کے خطرہ کی حامل ہوتوآپ درج ذیل جگہوں پربچے کوجنم دے سکتی ہیں:

- سٹی ہسپتال کے ڈیلیوری سوئیٹ میں

جب آپ پہلی دفعہ اپنی مڈوائف سے ملیں گی تووہ آپکی طبی اورسماجی ہسٹری کاجائزہ لیں گی؛ یہ چیزآپ کوبچے کوجنم دینے کے مقام کا انتخاب کرنے میں مدد دے گی۔

**کم خطرہ کی حامل حمل کی حالت اورزچگی کی کیفیت کیاچیزہے؟**

کم خطرے کے حمل وہ ہوتےہیں جب آپکوطویل مدتی یا سنگین نوعیت کے طبی مسائل یا انفیکشنزنہ ہوں اورپیدائش یا حمل کے عمل سے پہلے یا بعدمیں کسی قسم کے مسائل پیدا نہ ہوئے ہوں۔آپ کی مڈوائف اس چیزکاجائزہ آپ کی حمل کی کیفیت کی شروعات میں لےگی۔اگرآپ کےحمل کی حالت کم خطرہ پرمبنی ہوئی توآپکوحمل کے عمل کے دوران کسنلٹنٹ (حمل سے متعلقہ خصوصی ڈاکٹر) کے دیکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی اورمڈوائف کی طرف سے دیکھ بھال مہیاکی جائے گی۔ آپ کے حمل کے 36 ہفتوں کے بعدآپکی مڈوائف ایک اورتجزیہ کرے گی۔ اگرحمل کے عمل کے دوران آپکوکسی قسم کےمسائل نہ ہوئے ہوں توپھرابھی تک آپ کم خطرہ کی حامل ہوں گی۔

جب آپ زچگی کےلیے جائیں گی توآپکی مڈوائف ایک اورایسسمنٹ یعنی تجزیہ کرے گی۔ کم خطرے کی زچگیاں درج ذیل ہیں جب:

- آپ کوحمل کے عمل کے دوران کسی قسم کے مسائل کاسامنانہ کرناپڑاہو۔
- آپ اپنے حمل کے 37-42 ہفتوں میں ہوں۔
- آپکے حمل کی شروعات میں آپکابی ایم آئی 35 سے کم ہو۔
- آپ 16-40 سال کی ہیں۔
- آپ کوخون کی کمی کی بیماری نہیں (آپکے خون میں فولاد کی کمی نہیں)۔
- آپ کابچہ عمومی حالت میں نشونماپایاہواوراس کاسرنیچے کی طرف ہو۔
- بچے کی پیدائش سے قبل نکلنے والاپانی نکلے اوروہ رنگ میں صاف ہو۔
- آپکودرد زہ ہوجوباقاعدگی سے ہواورسخت ہوجب زچگی کی حالت کی شروعات ہوں۔

# اس بات کاانتخاب کرناکہ اپنے بچے کی پیدائش کہاں واقع ہو

**خواتین کےلیے معلومات اورمشورہ**

## زچگی

### بلندخطرےکی حامل حمل کی کیفیت اورزچگی کی حالت کیاہوتی ہے؟

بلندخطرے کی حمل کی کیفیات اورزچگی کی حالتیں وہ ہوتی ہیں جب حمل یا زچگی کے عمل کے دوران آپکومسائل درپیش ہوں جن کے علاج کی ضرورت ہو۔ اگرآپکی مڈوائف کے خیال میں آپ بلندخطرے کی حامل ہوسکتی ہوں تووہ اس بارےمیں آپ سے بات کرے گی اورممکن ہے آپ کوکنسلٹنٹ سے ملنے کے لیے کہے تاکہ ان کی رائے حاصل کی جائے۔ پھرکنسلٹنٹ فیصلہ کرسکتاہے کہ آپ کم خطرہ کی حامل ہیں اورآپکی مڈوائف آپکی دیکھ بھال کے عمل کوجاری رکھ سکتی ہیں، یا ممکن ہے وہ فیصلہ کرے کہ آپ بلند خطرے کی حامل ہیں اورکنسلٹنٹ کی طرف سے خصوصی دیکھ بھال کی آپکوضرورت ہے۔

### گھرمیں بچے کوجنم دینا

شہادت سےپتہ چلتاہے کہ گھرمیں بچےکوجنم دینے کاعمل اتناہی محفوظ ہے جتناکہ ہسپتال میں بچے کوجنم دینے کاعمل ہے کیونکہ صحت مند خواتین زچگی کےمرحلے سے بہ آسانی گزرجاتی ہیں؛ یہ بھی پتہ چلتاہے کہ آپکوفرج شگافی (فرج میں کٹ لگانے کاعمل) اورآپریشن کے ذریعے بچے کی پیدائش کے عمل سے بھی گزرنے کاکم امکان ہوتاہے۔ زیادہ ترخواتین اورانکے ساتھیوں کےلیے گھرمیں بچے کی پیدائش سےمتعلقہ سب سے بڑا خدشہ یہ ہوتاہےکہ ممکن ہے طبی ناگہانی حالت پیداہوجائے۔ اگرایسامسئلہ پیداہوتاہےتوکون سے انتظامات موجودہوتے ہیں کےبارےمیں جاننے کےلیے آپ اپنی مڈوائف سے بات کرسکتی ہیں۔

مڈوائف ایک تربیت یافتہ اورزیادہ ترمسائل سےنپٹنے کےلیے مسلح ہوتی ہیں؛ مثال کے طورپر، بچےکی پیدائش کے بعدزیادہ خون بہنے کے عمل کوروکنے کےلیےاس کے پاس ادویات ہوں گی اورجس بچے کی سانس آہستہ آرہی ہواسکوبحال کرسکتی ہیں۔ زیادہ عام مسئلہ طویل زچگی کاعمل ہوتاہے جہاں ماں یا بچہ تھک جاتے ہیں اورپیدائش کے عمل کی پیش رفت آہستہ ہوتی ہے۔ ہسپتال میں منتقلی کی ممکن ہے ضرورت پڑے۔ مگروہ خواتین جنہوں نے گھرمیں اپنے بچے کوجنم دینے کی شروعات کرلی ہوں اورانہیں منتقل کرنےکی ضرورت پڑی ہوپھربھی انہیں گھرمیں زچگی کے عمل کے لیے گزارے گئے وقت کی قدرشناسی ہوتی ہے۔

پہلی باراس عمل سے گزرنے والی ماں کے بچے کوگھرمیں جنم دینے میں کامیاب کاامکان 70% ہوتاہے (اگرچہ یہ درجہ مختلف علاقوں کے حساب سے مختلف ہوتاہے)۔ ان خواتین کے لیے جنہوں نے پہلے ہی بچے کوجنم دیاہو، ان کے لیے امکان زیادہ ہوتاہے - 88 اور99% تک۔ بچے کے پیداہوجانے کے بعدبہت تھوڑاامکان (تقریباً30 میں سے 1) اس بات کاہوتاہے کہ ہسپتال منتقل کرنے کی نوبت آئے، عام طورپرآنول کی ترسیل سے متعلق مسائل کی وجہ سے، بعض دفعہ بچےکی سانس سےمتعلق تشویش کی وجہ سے یہ نوبت آسکتی ہے۔

جب آپ گھرمیں بچے کوجنم دینے کے عمل کومنتخب کرتی ہیں تومڈوائف آپکوگھرمیں ملیں گی جب آپ کاحمل 36 ہفتوں کاہوگا تاکہ اسکویقینی بنائے کہ آپ اچھی طرح تیارہیں اوردرکارتمام معلومات آپکے پاس ہیں۔وہ آپ کومڈوائف سے رابطہ کرنے کے نمبرزدیں گی اورزچگی کی حالت میں جس چیزکی توقع کی جاسکتی ہے اس بارے میں وضاحت کریں گی۔ وہ آپکویہ بھی بتائیں گی کہ درد سے آرام کےلیے کون سی گولیاں آپ کولینی چاہئیں اوران تک رسائی کیسے حاصل کرسکتی ہیں۔

جب آپ کوشک ہوکہ زچگی کی حالت شروع ہونے جارہی ہے تواپنی مڈوائف کوفون کریں گی اوروہ زچگی کی حالت کی سطح کی تصدیق کرنے کےلیے آپ کاتجزیہ کرے گی۔ آپ کی مڈوائف آپکے ساتھ رہے گی جب اس کویقین ہوگاکہ آپ کی زچگی ہونے والی ہے اوروہ آپکی اورآپکے بچے کی نگرانی کریں گی۔پیدائش کے وقت مددکےلیے وہ کسی اورشخصیت کوبلائے گی اوروہ دونوں آپکے ساتھ رہیں گےاس وقت تک جب تک آپ اوروہ اس بات پرمطمعن نہیں ہوجاتے کہ سب کچھ توقع کے مطابق ہے۔

بچےکی پیدائش کے بعدمڈوائف آپکوملنے کےلیے آیاکریں گی اوروہ آپکوبتائیں گی کہ آپ اورآپکابچہ کسطرح بہتری کی طرف گامزن ہیں۔ ممکن ہے آپکودیگرلوگوں کی طرف سے بھی خدمات مہیاکی جائیں جیسے سماعتی سکریننگ، بریسٹ فیڈنگ یعنی اپنا دودھ پلانے سے متعلق مشورہ اوربعدازاں عمومی دیکھ بھال۔

# اس بات کاانتخاب کرناکہ اپنے بچے کی پیدائش کہاں واقع ہو

**خواتین کےلیے معلومات اورمشورہ**

## زچگی

اگرزچگی کے دوران یا پیدائش کے بعدآپ یا آپ کے بچوں کوکوئی مسئلہ ہوتوآپکی مڈوائف ایمبولنس کاانتظام کریں گی آپکوسٹی ہسپتال لے جانےکےلیے اوروہ آپکے ساتھ جائیں گی۔

**گھرمیں بچےکوجنم دینےکےکیافوائدہیں؟**

- آپ اپنی زچگی کی حالت پرقابوپانے سےمتعلق زیادہ احساس کی حامل ہوں گی اورپیدائش سے متعلقہ زیادہ مثبت تجربہ حاصل کریں گی۔ وہ خواتین جنہیں مثبت تجربہ بسلسلہ پیدائش ہواہوانکااس بات کاامکان زیادہ ہوتاہے کہ وہ بچے کواپنادودھ کامیابی سےپلائیں۔
- اپنے جانے پہچانے ماحول میں آپ زیادہ پرسکون محسوس کریں گی۔
- آپکا شریک حیات پیدائش کے عمل اوربعدازاں آپ کے ساتھ رہ سکتاہے۔
- آپ پیدائش کےعمل سےمتعلق جتنے مدد کرنے والے لوگوں کورکھناچاہئیں رکھ سکتی ہیں بشرطیکہ کافی جگہ مڈوائف کے لیے موجودہوتاکہ وہ آپ کی مناسب طورپردیکھ بھال کرسکے۔
- زچگی کی حالت میں آپ کودرد سے آرام دینے والی زیادہ سخت قسم کی گولیوں کی کم ضرورت ہوگی کیونکہ آپ زیادہ پرسکون اوراپنے آپ پرقابورکھے ہوئےہوں گی۔
- اس بات کاامکان کم ہےکہ آپکوبچےکی پیدائش کے ضمن میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے جیسے آپکی اندامِ نہانی اورمقعدکے درمیان کٹ یا جراحی کی چمٹی کےضمن میں مدد۔

**گھرمیں بچے کوجنم دینے کاکیاخطرات ہیں؟**

- گھرمیں بچے کوجنم دینے والی کچھ خواتین کوسٹی ہسپتال کے ڈیلیوری سوئیٹ میں انکی زچگی یا ان کے بچے سے متعلق مسائل کی وجہ سےمنتقل کرنےکی ضرورت پڑجاتی ہے، یا کیونکہ انکودرد سے آرام کےلیے اضافی گولیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ 10 خواتین میں سے 5-4 ایسی خواتین کے ساتھ ہوتاہےجن کاپہلابچہ گھرمیں ہورہاہواوران 10 خواتین میں سے 2-1 کے ساتھ ایساہوتاہے جواس سےقبل گھرمیں بچے کوجنم دے چکی ہوں۔
- اگرآپ اپناپہلابچہ گھرمیں جنم دے رہی ہیں تواس بات کازیادہ خطرہ ہے کہ زچگی یا پیدائش کے دوران آپ کابچہ سنگین نوعیت کےمسائل سے دوچارہوجائے۔ ایسا1000 بچوں میں سے 10-9 کے ساتھ ہوتاہے، ہسپتال میں پیداہونے والے 1000 بچوں میں سے 5-3 بچوں کےمقابلے میں۔ اگراس سے قبل آپ نے بچےکوجنم دیاہے توآپ کے بچے کوسنگین مسائل سے دوچارہونے کاخطرہ ایسا ہی ہے جیسے آپ برتھ سینٹر، ہسپتال یا گھرمیں بچےکوجنم دیں (1000 میں سے 4)۔

اگرآپ پریشان ہیں کہ درد سےکسطرح نپٹیں گی یا پریشان ہیں کہ کوئی پیچیدگی پیدا ہوگی، تو اپنی مڈوائف سے بات کریں۔ آپ ' لیبریعنی زچگی: کیاہوتی ہے اوراس سےکسطرح نپٹاجاسکتاہے' نامی معلوماتی کتابچے کودرد سےنجات سےمتعلقہ معلومات کےلیےدیکھناممکن ہے پسندکریں۔

# اس بات کاانتخاب کرناکہ اپنے بچے کی پیدائش کہاں واقع ہو

**خواتین کےلیے معلومات اورمشورہ**

## زچگی

### برتھ سینٹریعنی مرکزِ پیدائش میں بچے کوجنم دینا

ہمارے سیرینیٹی اورہالسی اون برتھ سینٹرزچھوٹے شعبے ہیں جوآرام دہ ماحول کی پیش کش کرتےہیں جہاں بچےکی پیدائش کوایک عمومی عمل کے طورپرلیاجاتاہے اوریہ کم کلینکل اندازمیں لیاجاتاہے۔ برتھ سینٹرزان خواتین کے لیےمناسب ہیں جوبچےکی پیدائش سےمتعلق کم خطرہ کی حامل ہوں۔

**سیرینیٹی برتھ سینٹر**

سیرینیٹی برتھ سینٹر' کو لوکیٹڈبرتھ سینٹر' ۔ اس کامطلب یہ ہے کہ اس شعبے کومڈوائوزچلاتی ہیں اورڈاکٹریہاں نہیں ہوتے، مگریہ سٹی ہسپتال میں ڈیلیوری سوئیٹ کی طرح کی ہی عمارت ہے جہاں پرڈاکٹرموجودہوتے ہیں اوربلندخطرے کی پیدائش سے نپٹنےکےلیے سہولیات دستیاب ہیں۔

اگرآپ یا بچے کوزچگی کے دوران کوئی مسئلہ ہوتوآپکاجائزہ لیاجائے گااورڈیلیوری سوئیٹ میں منتقل کیاجائے گاجوکہ وہیں پرکوریڈورکے پاس ہے۔

**سیرینیٹی برتھ سینٹرمیں دستیاب سہولیات**

سیرینیٹی برتھ سینٹرمیں پیدائشی عمل کےلیے 5 کمرہ جات ہیں جوکہ جدیداندازمیں مزین کیے گئے ہیں اورجہاں پرگھرجیسا اورپرسکون احساس ہوتاہے۔ ہرکمرے میں درج ذیل چیزیں موجودہیں:

- برتھ پول جوکہ یاتوتنصیب شدہ ہے یا جسےپُھلایاجاسکتاہے
- نیچے کھینچا جاسکنے والا ڈبل بیڈ
- آپ کے بچےکےلیے لکڑی کابناہوا پنگھوڑا
- آپ کےبچےکےلیے لکڑی کابناہوا چینجنگ سٹیشن
- موڈ لائٹنگ یعنی روشنی جسے آپ قابو میں رکھ سکتی ہیں
- فلیٹ سکرین ٹی وی جس میں فری ویو موجودہے
- منسلکہ باتھ روم

برتھ سینٹرمیں درج ذیل چیزیں بھی موجودہیں:

- پیدائشی عمل کےلیے سٹولز، پیدائشی عمل کےلیے گیند اورپیدائشی عمل کے لیے گدے
- تھیراپی روم جہاں پرہماری مڈوائوزآپکوایروماتھیراپی کی پیش کش کرسکتی ہیں
- مشترکہ باورچی خانہ جہاں پرآپ اپنے ذاتی مشروبات اورریفریشمنٹ کے لیے سامان تیارکرسکتی ہیں
- ڈیک یعنی عرشہ پرمبنی باغیچہ
- ملاقاتیوں کے لیےانتظارکرنے کی جگہ اورٹائیلٹ

# اس بات کاانتخاب کرناکہ اپنے بچے کی پیدائش کہاں واقع ہو

**خواتین کےلیے معلومات اورمشورہ**

## زچگی

**ہالسی اون برتھ سینٹریعنی مرکزِ پیدائش**

ہالسی اون برتھ سینٹر' سٹینڈ اولون برتھ سینٹر' ہے۔ اسکامطلب ہے کہ اسے مڈوائوزیعنی دائیاں چلاتی ہیں اوریہ اس جگہ پرنہیں ہےجہاں ہسپتال کی بنیاد پرزچگی میں دیکھ بھال کی سہولت ہے۔ اس سینٹرمیں یا ایسے ہی کسی اورسینٹر میں ڈاکٹرزکام نہیں کرتے۔ ہالسی اون برتھ سینٹر، اولڈ بری روڈ، سمیتھ وِک، B66 1JE پرواقع ہے اوراسی جگہ پرہےجہاں پرلیزاوز انٹرمیڈیئٹ کیئرسینٹرواقع ہے۔

اگرآپ یا آپکےبچےکے ساتھ زچگی کے دوران کوئی مسئلہ ہوتوآپ کاجائزہ لیاجائے گااورآپکی مڈوائف آپکوسٹی ہسپتال میں ڈیلیوری سوئیٹ میں لےجانےکےلیے ایمبولنس کاانتظام کریں گی اورآپ کے ساتھ جائیں گی۔

**ہالسی اون برتھ سینٹرپرموجودسہولیات**

ہالسی اون برتھ سینٹرمیں پیدائشی عمل کےلیے 3 کمرہ جات ہیں جوکہ جدیداندازمیں مزین کیے گئے ہیں اورجہاں پرگھرجیسا اورپرسکون احساس ہوتاہے۔ ہرکمرے میں درج ذیل چیزیں موجودہیں:

- برتھ پول جوکہ یاتوتنصیب شدہ ہے یا جسےپُھلایاجاسکتاہے
- نیچے کھینچا جاسکنے والا ڈبل بیڈ
- آپ کے بچےکےلیے لکڑی کابناہوا پنگھوڑا
- آپ کےبچےکےلیے لکڑی کابناہوا چینجنگ سٹیشن
- موڈ لائٹنگ یعنی روشنی جسے آپ قابو میں رکھ سکتی ہیں
- فلیٹ سکرین ٹی وی جس میں فری ویو موجودہے
- آئی پوڈ ڈاکنگ سٹیشن
- منسلکہ باتھ روم
- مشترکہ حسی گارڈن تک رسائی

برتھ سینٹرمیں درج ذیل چیزیں بھی موجودہیں:

- پیدائشی عمل کےلیے سٹولز، پیدائشی عمل کےلیے گیند اورپیدائشی عمل کے لیے گدے
- تھیراپی روم جہاں پرہماری مڈوائوزآپکوایروماتھیراپی کی پیش کش کرسکتی ہیں
- مشترکہ باورچی خانہ جہاں پرآپ اپنے ذاتی مشروبات اورریفریشمنٹ کے لیے سامان تیارکرسکتی ہیں
- ملاقاتیوں کے لیےانتظارکرنے کی جگہ اورٹائیلٹ

**برتھ سینٹرمیں درد سے آرام کےلیے کون سی دوائیں دستیاب ہیں؟**

آپکی مڈوائف یعنی دائی برتھ سینٹرمیں آپکی زچگی کے عمل کے دوران ہروقت آپ کے ساتھ ہوں گی جوآپ کومدد اور تعاون فراہم کریں گی۔وہ آپ کودرج ذیل طریقے درد سے آرام کےلیے بتائیں گی:

- گیس اورہوا (انٹونوکس)
- برتھ پولز
- ایروماتھیراپی اوردیگرامدادی طریقے جیسے ہپنوبرتھنگ یعنی پیدائش کےعمل سےمتعلقہ تعلیمی پروگرام
- پیتھی ڈائن ٹیکے

# اس بات کاانتخاب کرناکہ اپنے بچے کی پیدائش کہاں واقع ہو

**خواتین کےلیے معلومات اورمشورہ**

## زچگی

- آلات جیسے پیدائش کےعمل کےلیے سٹولز، گدے اورگیند تاکہ آپ کوآرام دہ حالتوں میں رکھاجائے

ابتدائی زچگی کے دوران آپ اپنے ٹی ای این ایس یونٹ کواستعمال کرسکتی ہیں۔

برتھ سینٹرزمیں ہم اَیپی ڈیورَل درد سے آرام کی دوائیں مہیانہیں کرتے۔ اگرآپ کامنصوبہ اَیپی ڈیورَل لینےکاہوتوآپ کوسٹی ہسپتال کے ڈیلیوری سوئیٹ میں بچے کی پیدائش کےلیے بُک کیاجائے گا۔ اگرآپکے خیال میں برتھ سینٹرزمیں سے کسی میں زچگی کے دوران آپکواَیپی ڈیورَل کی ضرورت ہے توآپ کو سٹی ہسپتال کے ڈیلیوری سوئیٹ میں لے جایاجائے گا۔

آپکےلیے موجود درد میں آرام سے متعلقہ مزیدطریقہ ہائے کارکےبارےمیں مزید معلومات کےلیےبراہ مہربانی ہمارا معلوماتی کتابچہ ' زچگی کاعمل: کیاہوتاہےاوراس سےکسطرح نپٹاجاسکتاہے' ملاحظہ کریں۔

### آپ کےبچہ جنم دینےکے بعد

بچےکے پیداہونے کےبعدآپ برتھ سینٹرمیں دو گھنٹے تک رہیں گی۔ بہت سی خواتین بچے کی پیدائش کے 8 گھنٹوں کے اندرگھرچلی جاتی ہیں اگریہ انکاپہلابچہ ہواوراگراس سے پہلے وہ بچے کوجنم دے چکی ہوں توں زیادہ جلدی جاتی ہیں۔ آپکی دائی دیکھیں گی آیاکہ آپ اورآپکابچہ ٹھیک ہے اوریقینی بنائیں گی کہ بچہ جسطرح دودھ پی رہاہےاورآپکوردعمل دکھارہاہے آپ اس سے خوش ہیں۔ جب آپ اورآپکی دائی مطمعئن ہوں گی، آپکواپنے نئے بچے کے ہمراہ خارج کردیاجائے گااوراگلے دو دنوں کے دوران مڈوائف آپ سے گھرمیں ملاقات کریں گی۔

اگرآپکوہسپتال میں زیادہ دیرتک ٹھہرنے کی ضرورت ہوتو، آپ اورآپکے بچے کوسٹی ہسپتال کے پوسٹ نیٹل وارد میں منتقل کردیاجائے گا۔

### گھرمیں بچےکوجنم دینےکےکیافوائدہیں؟

- برتھ سینٹرکاماحول خواتین کوزیادہ مثبت تجربات عطاکرتاہے کیونکہ یہ پرسکون اورگھرجیساہے۔ وہ خواتین جنہیں مثبت تجربہ بسلسلہ پیدائش ہوابوانکااس بات کاامکان زیادہ ہوتاہے کہ وہ بچے کواپنادودھ کامیابی سےپلائیں۔
- جس ماحول میں آپ ہوں گی، آپکی مددکے لیے جودستیاب سہولیات ہیں اورآپ کی دائی کی طرف سے مددکے سبب زچگی کی حالت میں آپ کودرد سے آرام دینے والی زیادہ سخت قسم کی گولیوں کی کم ضرورت ہوگی
- اس بات کاامکان کم ہےکہ آپکوبچےکی پیدائش کے ضمن میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے جیسے آپکی اندامِ نہانی اورمقعدکے درمیان کٹ یا جراحی کی چمٹی کےضمن میں مدد کیونکہ آپکی زچگی کے عمل کے دوران چہل قدمی اورآگے پیچھے حرکت کرنے کےلیے آپکی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ سیدھا اوپرہونے اورحرکت کرنے کا عمل آپکوزیادہ آرام دہ محسوس کرنے میں مدد دے سکتاہےاورمعاملات کے ضمن میں زیادہ قوت فراہم کرتاہے۔
- آپکا شریک حیات پیدائش کے عمل کے دوران آپکے ساتھ رہ سکتاہے اورایک ساتھی آپکے پیدائشی عمل کے بعداس وقت تک آپکے ساتھ رہ سکتاہے جب تک آپ گھرجانے کےلیے تیارنہ ہوجائیں۔
- اگرآپ چاہتی ہوں توپیدائش کے عمل کےلیے کئی مددگاررکھ سکتی ہیں مگربراہ مہربانی پہلے اپنی دائی کے ساتھ بات کرکے پتہ لگائیں کہ کمرے میں کتنے رہ سکتے ہیں کیونکہ کمرہ محدودہوتاہے۔

# اس بات کاانتخاب کرناکہ اپنے بچے کی پیدائش کہاں واقع ہو

**خواتین کےلیے معلومات اورمشورہ**

## زچگی

**برتھ سینٹرمیں بچے کوجنم دینے کےکیاخطرات ہیں؟**

برتھ سینٹرمیں بچے کوجنم دینے والی کچھ خواتین کوسٹی ہسپتال کے ڈیلیوری سوئیٹ میں انکی زچگی یا ان کے بچے سے متعلق مسائل کی وجہ سےمنتقل کرنےکی ضرورت پڑجاتی ہے، یا کیونکہ انکودرد سے آرام کےلیے اضافی گولیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ 10 خواتین میں سے 4-3 ایسی خواتین کے ساتھ ہوتاہےجن کاپہلابچہ گھرمیں ہورہاہواوران 10 خواتین میں سے 2 سے کم کے ساتھ ایساہوتاہے جواس سےقبل بچے کوجنم دے چکی ہوں۔

اگرآپ پریشان ہیں کہ درد سےکسطرح نپٹیں گی یا پریشان ہیں کہ کوئی پیچیدگی پیدا ہوگی، تو اپنی مڈوائف سے بات کریں۔ آپ ' لیبریعنی زچگی: کیاہوتی ہے اوراس سےکسطرح نپٹاجاسکتاہے' نامی معلوماتی کتابچے کودرد سےنجات سےمتعلقہ معلومات کےلیےدیکھناممکن ہے پسندکریں۔ممکن ہے آپ برتھ سینٹرزمیں سےکسی میں تشریف لانے اوراسکودیکھناپسند کریں۔

**ڈیلیوری سوئیٹ میں بچے کوجنم دینا**

بہت سی خواتین ڈیلیوری سوئیٹس یا زچگی کے وارڈوں سے شناسا ہوتی ہیں؛ یہ وہ جگہیں ہوتی ہیں جہاں تربیت یافتہ زچگی کے عملہ کی ٹیم کے ذریعے دیکھ بھال کاپیکج مہیاکیاجاتاہے۔ دائیاں، اوبسٹیٹریشیئنز(ڈاکٹرز) بے ہوشی کی دوائی دینے والے اور تھیٹرکاعملہ مشترکہ طورپرکام کرتاہے تاکہ ان خواتین کی مددکی جاسکے جنہیں ٹیم کے ذریعے مدد درکارہو۔
اسکوبعض اوقات مشترکہ دیکھ بھال کانام دیاجاتاہے۔اس قسم کی دیکھ بھال ان خواتین کوفائدہ دیتی ہے جنہیں یاتواپنی صحت کے مسائل ہوں یا وہ حالیہ حمل سے متعلقہ مسئلے سے دوچارہوں۔ بہت سی وجوہات ہیں کہ بچے کی پیدائش کے لیے بہترین مقام کے طورپرڈیلیوری سوئیٹ کیوں تجویزکیا جائے گا؛ آپ اپنے کنسلٹنٹ اوردائی کے ساتھ انفرادی طورپران وجوہات پربات چیت کرسکیں گے۔

ڈیلیوری سوئیٹ میں داخلہ کے ساتھ ہی ٹرائی ایج ایریاہے۔ جب آپ ڈیلیوری سوئیٹ میں داخل ہوتے ہیں تویہ پہلی جگہ آتی ہے۔ ٹرائی ایج ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کی طرح ہے جہاں ایسی خواتین کاجائزہ لیاجاتاہے جوحمل سے متعلقہ مسائل کاشکار ہوتی ہیں اوربلندخطرہ پرہوتی ہیں اوراس بات کاشک ہوتاہے کہ وہ زچگی کے عمل میں ہیں اور ایسسمنٹ کے لیے آئی ہیں۔ ٹرائی ایج ڈیپارٹمنٹ عام طورپربہت مصروف ہوتاہے اورآپکودیکھنے اورآپکاجائزہ لیے جاناکاانحصاراس بات پرہوگا کہ وہ کون سی وجوہات ہیں جن کے سبب آپ یہاں آئی ہیں۔

سٹی ہسپتال میں زچگی کے عمل کے لیے 10 کمرہ جات ہیں اورہرکمرہ میں ایک جیسی سہولیات دستیاب ہیں۔ ان میں عام طورپرایسے آلات ہوتے ہیں جوکہ زچگی کے عمل کے دوران  آپ کی اورآپکے بچے کی نگرانی کرتےہیں، بہت سے کمرے ہیں جہاں آپ چل پھرسکتی ہیں اگرآپ اس قابل ہیں اوردائی ہوتی ہیں جوکہ زچگی کے عمل کے دوران آپ کے ساتھ رہیں گی۔ تمام کمرے اپنی سہولیات کے ساتھ موجودہیں مگرسب میں منسلکہ سہولیات دستیاب نہیں، جب آپ اپنے کمرے میں ہوں گی تودائی آپ کوبتائے گی کہ کون سی سہولیات وہاں دستیاب ہیں۔

اگرآپ درج ذیل کاشکارہیں توزیادہ امکان اس بات کاہےکہ آپ کوڈیلیوری سوئیٹ دیاجائے گا:

- ذیابیطس، بلندفشارِخون یادیگرایسی بیماریاں جوآپ کے حمل کے عمل کومتاثرکرتی ہوں
- اگرآپکےبچے نے حمل کے دوران صحیح طورپرنشونمانہ پائی ہو
- آپ نے پچھلی دفعہ بچے کوجنم دیاہوجوکہ پیچیدہ عمل بن گیاہوجیسے آپریشن
- آپ کے حمل کی حالت کو 14-12 دن متوقع تاریخ سےزیادہ ہو گئے ہوں۔

# اس بات کاانتخاب کرناکہ اپنے بچے کی پیدائش کہاں واقع ہو

**خواتین کےلیے معلومات اورمشورہ**

## زچگی

ایک ابتدائی زچگی کےلیے کمرہ ہےجہاں پرخواتین زچگی کےعمل کی ابتدا ہونے کے وقت ٹھہرتی ہیں۔ ایک عدد زیادہ مدد کی ضرورت پرمبنی شعبہ موجودہے جس میں 2 بیڈزہوتے ہیں جہاں پرایسی دائیاں ہوتی ہیں جوکہ بچے کی پیدائش کے فوری بعدیااس عمل کےدوران جوخواتین بیمارہوجاتی ہیں ان کی دیکھ بھال کے لیے تربیت یافتہ ہوتی ہیں؛ اس میں ٹیم کے دوسرے ارکان کی طرف سے بھی مدد مہیا کی جاتی ہے۔ دو عدد تھیئٹرزہیں جہاں پرآپریشن کاعمل سرانجام دیاجاسکتاہے اورکسی بھی آپریشن کےبعدصحت بحال ہونے تک رہنے کے لیے دو جگہیں موجودہیں۔

اگرآپکابچہ پیدائش سےقبل فوت ہوگیاہو یا اس بات کی توقع ہوکہ آپکےبچےکی زندہ حالت میں پیدائش نہیں ہوگی توآپ کی دیکھ بھال ہمارے بیریومنٹ سوئیٹ یعنی صدمہ سےنپٹنے والے کمرہ میں کی جائے گی جوکہ ڈیلیوری سوئیٹ پرکوریڈورکے ساتھ واقع ہے۔ یہ بے مثال طریقے سے تشکیل شدہ جگہ ہے جہاں پرخاندان بچے کے ساتھ اس وقت تک رہ سکتے ہیں جب تک وہ محسوس کریں کہ انہیں وہاں رہنےکی ضرورت ہے۔ اس پریشان کن وقت پرہمارا صدمہ سے متعلقہ عملہ آپ کی مدد کرے گا۔

ڈیلیوری سوئیٹ میں بچےکوجنم دینےکےعمومی نقصانات فرج شگافی کے پروسیجرز، ادویات کے استعمال، اَیپی ڈیورل اورآپریشن سےمنسلک ہوتے ہیں۔ اگرآپکی زچگی کے عمل سے نپٹ لیاجاتاہےتوپھرفطرت کےلیے زیادہ مشکل ہوتاہےکہ وہ قابوپائے سوائے اس وقت کےجب آپ گھرپرہوں یاایسی جگہ پرہوں جیسے برتھ سینٹر۔ اگرآپ اپنی دیکھ بھال سے متعلق پریشان یا آپکوپتہ نہیں چل رہاکہ کیاہورہاہےتوہم جس طریقے سے بھی ممکن ہوآپ کی مدد کرنےکےلیے تیارہیں تاکہ پیدائش سےمتعلق آپ کاتجربہ ایسے ہی رہے جیساکہ آپ خواہش رکھتی ہیں۔

**کیاہوتاہےجب میں نے یہ منتخب کیاہوکہ میں اپنےبچےکوکہاں جنم دوں؟**

آپ کے آپشنزکے بارےمیں آپکودائی یعنی مڈؤائف آپ سے بات چیت کریں گی کہ کہاں بچے کوجنم دیاجائے اورآپ کی مرضی کی جگہ آپکےلیے بُک کریں گی۔ پھروہ آپ سے اس بارے میں پوچھےگی جب آپ 36 ہفتوں کی حاملہ ہوں گی۔ جب آپ کےخیال میں آپ زچگی کے عمل میں ہوں یا اگرآپکے کوئی مسائل ہوں یا آپ پریشان ہوں توبراہ مہربانی میٹرنیٹی ٹرائی ایچ مشورہ کےلیے فون کریں۔

**رابطہ کی تفصیلات**

**میٹرنیٹی ٹرائی ایچ**

0121 507 4181

**مزیدمعلومات**

ہماری سہولیات سے متعلق اگرآپ کے کوئی سوالات ہوں یا آپ انکادورہ کرناچاہتی ہوں توبراہ مہربانی ہماری کمیونٹی مڈؤائف سے بات کریں۔

حمل، پیدائش اورہماری زچگی کی خدمات سے متعلق مزیدمعلومات کےلیئے براہ مہربانی www.swbh.nhs.uk کی ہماری ویب سائٹ پرزچگی سےمتعلقہ صفحات کوملاحظہ کریں یا ٹوئیٹرپرTwitter @SWBHnhsکے ذریعے تشریف لائیں اورہمیں فیس بُک پر www.facebook.com/SWBHnhs کے ذریعے پسند کریں۔

# اس بات کاانتخاب کرناکہ اپنے بچے کی پیدائش کہاں واقع ہو

**خواتین کےلیے معلومات اورمشورہ**

## زچگی

**اس معلوماتی کتابچے میں معلومات کےلیے استعمال کردہ ذرائع**


- دی رائل کالج آف مڈوائوز، ' ایوی ڈنس بیسڈگائیڈلائنزفارمڈوائفری ۔ لَیڈ کیئر اِن لیبر: برتھ انوائرنمنٹ' ، نومبر2012
- این ایچ ایس نیشنل انسٹیٹیوٹ فارہیلتھ ریسرچ، ' دی برتھ پلیس نیشنل پراسپیکٹوکوہورٹ سٹڈی: پیری نیٹل اینڈ میٹرنل آؤٹ کمز بائی پلانڈ پلیس آف برتھ'، نومبر2011
- نیشنل انسٹیٹیوٹ فار ہیلتھ اینڈکلینکل ایکسیلنس، سی جی 55، ' انٹرا پارٹم کیئر: مینیجمنٹ اینڈ ڈیلیوری آف کیئرٹو وومن ان لیبر'، ستمبر2007
- رائل کالج آف اوبسٹیٹریشیئن اینڈ گائناکالوجسٹس اینڈ رائل کالج آف مڈوائوز، جائنٹ سٹیٹمنٹ نمبر2، ' ہوم برتھس'، اپریل 2007